© rasailojaraid.com



# صدمۂ جانکاہ

دینی و علمی حلقوں اور خاص طور سے حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی قدس سرہ کے متعلقین نے یہ افسوسناک اطلاع نہایت رنج و غم سے سنی کہ مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند میں شمولیت کیلئے آتے ہوئے مظفر نگر میں حضرت مولانا حمید الدین صاحب شیخ الحدیث مدرسہ عالیہ کلکتہ اور حضرت مولانا اسعد مدنی کے فرزند گرامی قدر صاحبزادہ محمد صاحب کا کار کے حادثہ میں انتقال ہوگیا، اس حادثہ میں مولانا اسعد مدنی کی اہلیہ اور خوش دامن بھی زخمی ہوئیں۔ مولانا حمید الدین صاحب مرحوم جید عالم ممتاز ادیب و انشاء پرداز اور حضرت مولانا اسعد مدنی (صاحبزادہ حضرت شیخ الاسلامؒ) کے خسر تھے۔ مرحومین کو قبرستان قاسمی میں حضرت مدنیؒ کے پہلو میں سپرد خاک کیا گیا نہ صرف دارالعلوم حقانیہ، اور ادارہ الحق بلکہ پورے برصغیر کے علمی و دینی حلقے حضرت شیخ الاسلام کے قابل فخر فرزند مولانا اسعد مدنی کے ساتھ اس غم میں شریک ہیں اس ملک میں بھی حضرت شیخ الاسلام کی کفش برداری کو ذریعۂ نجات سمجھنے والوں کی کمی نہیں اور بجا طور پہ مدنی خاندان کا ہر دکھ درد انہیں اپنا ہی غم محسوس ہوتا ہے۔ حق تعالیٰ مرحومین کو درجات عالیہ اور صاحبزادہ محترم برادر مکرم مولانا محمد اسعد مدنی اور دیگر برادران کو اس مصیبت عظمیٰ میں صبر و استقامت عطا فرمائے اور ملت محمدیہ کی خدمات جلیلہ کی زیادہ سے زیادہ توفیق دے۔

سمیع الحق

★